# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا سربراہی میں اعلیٰ سطحی وفد کا مصر کا دورہ**

**وفد نے مصری کپاس کی پیداواری ٹیکنالوجی بارے دریافت کیا**

لاہور:16 جولائی2025: وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد نے مصر میں قائم ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا دورہ کیا۔وفد کے شرکا میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری اورسیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سمیت ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر ہیڈ کوارٹر آن فارم واٹر مینجمنٹ حافظ قیصر یاسین، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ای ایس پی ڈاکٹر محمد انجم علی، ترقی پسند کاشتکار حسن رضا اور پرائیویٹ سیکرٹری صوبائی وزیرزراعت مظفر علی شامل ہیں۔اپنے دورہ کے دوران وفد نے کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ مصر کا دورہ کیا اور مصر کی لمبے ریشے والی کپاس بارے معلومات حاصل کیں۔اس موقع پر بریف کرتے ہوئے وفد کو بتایا گیا کہ 19 پاکستانی کمپنیاں مصر سے لمبے ریشے والی روئی درآمد کررہی ہیں۔وفد نے مصری کپاس کی پیداواری ٹیکنالوجی بارے دریافت کیا اور لمبے ریشے والی کپاس کی روئی کا معائنہ کیا۔اپنے دورہ کے دوران شرکاء نے مصری کاٹن کے برآمدی حجم کے بارے بھی دریافت کیا۔اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان کپاس کی کوالٹی و پیداوار کے حصول کیلئے باہمی تعاون کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔بعدازاں، وفد نے مصر کے دارلحکومت قاہرہ میں قائم ایف اے او کے دفتر کا وزٹ بھی کیا

☆☆☆☆☆